اسلامی اور عصری تعلیم کے فروغ کے لئے کوشاں ایک عالمی ادارہ

هَلْ يَسْتَوِى الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ

وفاق الجامعات العربیۃ پاکستان

# وفاق الجامعات العربیہ پاکستان

ضلع منڈی بہاؤالدین

تعارف

خدمات

اہداف

شعبہ نشر و اشاعت

وفاق الجامعات العربیہ پاکستان

# آئینہ مضامین


| صفحہ نمبر | مضمون | نمبر شمار |
| --- | --- | --- |
| 3 | تعارف | 1 |
| 4 | نظام تعلیم | 2 |
| 5 | نصاب وکورسز | 3 |
| 6 | شرائط داخلہ | 4 |
| 7 | امتحانات | 5 |
| 7 | حصول سنٹر والحاق مدرسہ | 6 |
| 9 | اغراض ومقاصد | 7 |

# تعارف :

اعلیٰ دینی و دنیاوی تعلیم کی فراہمی اسلامی بورڈز کی اولین ذمہ داری ہوتی ہے۔ کوئی بھی قوم جدید علوم کے حصول کے بغیر ترقی نہیں کر سکتی، اور نہ ہی صرف جدید علوم پر انحصار کرتے ہوئے اپنی مذہبی تعلیمات کو ترک کر کے ترقی کر سکتی ہے۔

وفاق الجامعات العربیہ پاکستان پچھلے کئی سالوں سے ملک بھر میں درس نظامی کا مکمل کورس کروانے کے ساتھ ساتھ اپنے طلباء و طالبات کو معاشرے کا کارآمد اور معاون شہری بنانے کے لئے اپنی خدمات پیش کر رہا ہے۔ کیونکہ آج پوری دنیا میں جو بے حیائی، فحاشی اور عریانی کا سیلاب پھیلا ہوا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ مسلمانوں کو ہر جگہ مختلف طریقوں سے رسوا کیا جا رہا ہے، اسکی وجہ یہی ہے کہ علمائے کرام دین کی تعلیم تو حاصل کر لیتے ہیں لیکن اس کے بعد وہ اپنے آپ کو منبر و محراب تک محدود کر لیتے ہیں، جسکی وجہ سے پورا معاشرہ لادینی کے دلدل میں پھنس چکا ہے۔

ہمارے بورڈ کا اولین مقصد یہ ہے کہ ہم طلباء کی اچھی ذہن سازی کر کے انکو دنیا کے ہر شعبے میں لائیں تاکہ علمائے کرام معاشرے کے اندر آ کر معاشرے کی مکمل کردار سازی کا فریضہ سرانجام دینے کے ساتھ ساتھ خود کفیل بن کر اپنا باعزت روزگار بھی کما سکیں، اور دین کا کام فی سبیل اللہ کریں اور مسلمانوں کے اندر پائی جانے والی تمام رسومات اور رواجوں کا مکمل بائیکاٹ کر کے لوگوں کو قرآن و سنت کے طریقے پر چلانے کی کوشش کریں۔ تاکہ ایک معتدل معاشرہ تشکیل پا سکے۔

ان ہی اغراض و مقاصد کے لیے وفاق الجامعات العربیہ پاکستان کا 2010ء میں آغاز ہوااور باقاعدہ کام 2013 ء میں شروع کر دیاگیا ،اورالحمدللہ اس وقت پاکستان میں دینی مدارس کی ایک بڑی تعداد ہمارے نصاب تعلیم کے تحت ہمارے ساتھ ملحق ہے۔

## نظام تعلیم

ادارہ ہذامیں درج ذیل نظام تعلیم و تدریس ہیں

ا۔ باقاعدہ ملحق مدارس میں نظام تعلیم

۲۔ غیر ملحق مدارس میں نظام تعلیم (پرائیویٹ طلباء وطالبات کے لئے)

۳۔ آن لائن نظام تعلیم

۴۔ فاصلاتی نظام تعلیم

## ا۔ باقاعدہ ملحق مدارس میں نظام تعلیم

الحمدللہ اس وقت پاکستان میں طلبائے کرام کی ایک بڑی تعداد ہمارے ملحقہ دینی مدارس میں جو ہمارے نصاب تعلیم کے تحت ہمارے ساتھ ملحق ہیں اور باقاعدہ م طور پر اپنی خدمات سر انجام دے رہے ہیں ان میں زیر تعلیم ہے۔

## ۲۔ غیر ملحق مدارس میں نظام تعلیم (پرائیویٹ طلباء وطالبات کے لئے)

غیر ملحق مدارس کے طلباء و طالبات جو کہ بحثیت پرائیویٹ امتحان میں شرکت کرنا چاہتے ہوں تو وفاق الجامعات العربیہ پاکستان کے درس نظامی کورسز میں سالانہ امتحانات میں شرکت کے لئے داخلہ بھجوا سکتے ہیں۔ بوقت داخلہ متعلقہ مدرسہ یا جامعہ کا تکمیل شدہ درجہ کا سرٹیفکیٹ پیش کرنا لازمی ہوگا۔

## ۳۔ آن لائن نظام تعلیم

وفاق الجامعات العربیہ پاکستان بیرون ممالک کے طلباء وطالبات کے لئے آن لائن تعلیم کا آغاز کر رہا ہے تاکہ بیرون ممالک مقیم مسلمان دینی تعلیم کے خواہش منداس طریقہ تعلیم سے استفادہ حاصل کر سکیں۔

## ۴۔ فاصلاتی نظام تعلیم

وفاق الجامعات العربیہ پاکستان پاکستان عالم اسلام کا پہلا اسلامی اوپن بورڈ ہے۔ جس کے تحت طلباء و طالبات فاصلاتی نظام تعلیم کے ذریعے گھر بیٹھے دینی تعلیم حاصل کر سکتے ہیں اور تمام کتب کی سال میں مشقیں حل کر کے امتحانات میں بحثیت ریگولر طالب علم کے شریک ہو سکتے ہیں۔ بنیادی تعلیم سے اعلیٰ سطح کی تعلیم تک اسلامی معیاری اور سستی تعلیم کی فراہمی ملک بھر میں دو سو سے زائد اداروں پر مشتمل وسیع اور مستحکم نیٹ ورک اپنی خدمات سرانجام دینے کے لئے کوشاں ہے۔ الحمدللہ۔

## نصاب و کورسز

ہمارا نصاب تعلیم انتہائی سادہ وعام فہم، جدید دور کے تقاضوں کے عین مطابق ہے جس میں تعلیم اور کردار سازی دونوں پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔

## داخلے کی شرائط واہلیت کا معیار :

تمام پروگرام میں داخلے کے لئے پاکستان کے کسے بھی دینی جامعہ یا دینی بورڈ یا وفاق تنظیم سے ثانویہ عامہ (مڈل)، ثانویہ خاصہ (میٹرک)، شہادۃ العالیہ (ایف اے)، شہادۃ العالمیہ (بی ۔اے) کے مساوی تعلیم کی سند یا رزلٹ کارڈ کا ہونا ضروری ہے۔

## امتحانات :

وفاق الجامعات العربیہ پاکستان کے سالانہ امتحانات ساتھ ساتھ قدیم فضلاء و فاضلات کا امتحان ہوگا، جس کہ شیڈول یہ ہے :

داخلے یکم ربیع الاول سے شروع ہوں گے۔ داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 15 جمادی الثانی ہے۔ داخلے کی آخری تاریخ کے بعد 15 دن تک یعنی 30 جمادی الثانی تک ڈبل فیس کے ساتھ اور 30 جمادی الثانی سے 15 رجب المرجب تک تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ بھیجا جا سکتا ہے۔ 15 رجب المرجب کے بعد کوئی داخلہ وصول نہیں کیا جائے گا۔ اُس کے بعد ذوالحجہ میں داخلہ شروع کئے جائیں گے۔

## امتحانی نظم و نسق اور شرائط

وفاق الجامعات العربیہ پاکستان کی مجلس منتظمہ اور امتحانی کمیٹی نے امتحانی طریقہ کار کے حوالہ سے جن شرائط و ضوابط کی منظوری دی ہے وہ درج ذیل ہیں :

1۔ امیدوار کیلیۓ کے لئے مسلمان ہونا ضروری ہے۔

2۔ قدیم فضلاء کیلئے صحاح ستہ کے 6 پرچہ جات ہوں گے جس کیلئے کسی مدرسہ / دارالعلوم کسی دینی یا عصری بورڈ سے سند یافتہ ہونا ضروری ہے۔ اور اس کے ساتھ کم از کم 80 صفحات پر مشتمل ایک تحقیقی مقالہ لکھنا لازم ہے جو کہ کسی بھی متعین موضوع پر لکھا جاسکتا ہے

3۔ درجہ عالمیہ کے چھ پرچے ہوں گے جس کیلئے کسی دینی بورڈ سے درجہ عالیہ یا اس کے مساوی ڈگری کا ہونا ضروری ہے۔

4۔ درجہ عالیہ، خاصہ اور عامہ کیلئے کسی دینی بورڈ سے مطلوبہ تحتانی سند یا اس کے مساوی سند کا ہونا ضروری ہے۔ نیز ان مذکورہ درجات کے چھ چھ پرچے ہوں گے۔

5۔ عصری داروں کے اسلامیات، عربی، میں بی۔ اے / بی ایس آنرز یا ماسٹر کرنے والے طلباء جنہوں نے کم از کم سیکنڈ ڈویژن میں پاس کیا ہو ان کو عالمیہ میں داخلہ دیا جائے گا۔ اسی طرح مڈل، میٹرک اور ایف اے پاس طلباء بھی بالترتیب درجہ عامہ، خاصہ اور عالیہ کے امتحانات میں شرکت کے مجاز ہیں۔

6۔ تحتانی درجات کے امتحانات میں وہ طلباء بھی شرکت کر سکتے ہیں جن کے فارم کے ساتھ دینی ادارے کے مہتمم یا ناظم تعلیمات کی طرف سے ادارے کے لیٹر پیڈ پر مصدقہ بیان لف ہو۔

7۔ امیدوار کیلئے باشرع ہونا ہونا ضروری ہے غیر شرعی وضع قطع ہونے کی صورت میں امتحان میں شمولیت کی اجازت نہیں ہوگی۔

8۔ ہر درجہ میں داخلہ کیلئے دو عدد رنگین تصاویر اور شناختی کارڈ (اگر ہو) کا ہونا ضروری ہے

9۔ امیدوار کو چاہیے کہ وہ اپنا داخلہ فارم ضلعی مسئول یا جامعہ کے ناظم یا ادارے کے مہتمم سے تصدیق کروائے

10۔ درجہ حفظ کیلئے مکمل قرآن پاک کا یاد ہونا ضروری ہے اور درجہ تجوید کیلئے جملہ قواعد تجوید سے آگاہی لازمی ہے۔

11۔ تجوید للحفاظ کے لئے تجوید کا ایک سالہ کورس اور پورا نصاب ملحقہ جامعہ میں پڑھنا ضروری ہے

12۔ تجوید للعلماء والعالمات کے لئے عالم ہونا ضروری ہے اور پورا نصاب ملحقہ جامعہ میں پڑھنا ضروری ہے

13۔ عربی فاضل کے امتحانات کے لئے دو سالہ کورس مکمل پڑھنا ضروری ہے جسکے دو سالانہ امتحانات ہوں گے

14۔ انٹرنیشنل لینگوئج کورس عربی و انگلش کے امتحانات میں ثانویہ عامہ پاس طلباء شرکت کرنے کے اہل ہیں بشرطیکہ انھوں نے اور پورا نصاب ملحقہ جامعہ میں پڑھا ہو

15۔ دراسات دینیہ کے امتحانات میں شرکت کرتے وقت مڈل پاس ہونا ضروری ہے

16۔ تفسیر القرآن کے امتحانات میں ہر وہ طالب علم شرکت کا اہل ہے۔جس نے وفاق الجامعات کا تفسیر القرآن کورس کیا ہو یا کسی جامعہ سے دورہ تفسیر القرآن کی سند ہو

## داخلہ فارم حاصل کرنے اور جمع کرانے کے لئے ہدایات

وفاق الجامعات العربیہ پاکستان کی جانب سے پیش کئے جانے والے تمام کورسز کے داخلہ فارم اور نصاب اور کتب کی معلومات اور اسکے علاوہ کسی بھی قسم کی معلومات کے لئے آپ وفاق الجامعات العربیہ کی ویب سائٹ وزٹ کر سکتے ہیں۔

## حصول سنٹر و الحاق مدرسہ / جامعہ

1۔ وفاق الجامعات العربیہ ہیڈ قصیریاں منڈی بہاؤالدین کے ساتھ الحاق کے لئے مدرسہ / جامعہ کا مہتمم مرکزی دفتر وفاق الجامعات العربیہ ہیڈ قصیریاں منڈی بہاؤالدین کو ایک درخواست لکھے گا جسکا عنوان حصول الحاق ہوگا۔

2۔ درخواست موصول ہو جانے کے بعد وفاق الجامعات العربیہ پاکستان انہیں ایک الحاق فارم ارسال کرے گا جس میں تمام شرائط موجود ہیں۔

3۔ فارم کی وصولی کے بعد الحاق کمیٹی مدرسہ / جامعہ کا معائنہ کرے گی معائنہ رپورٹ کی روشنی میں الحاق کی شرائط پر پورا اترنے والے ادارہ کو الحاق کے لئے منظور کیا جائے گا اور اس کے بعد مذکورہ ادارہ کو سند الحاق جاری کی جائے گی جسکی ابتدائی میعاد ایک سال ہوگی۔

4۔ ایک سال کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے بعد مستقل الحاق کا فیصلہ کیا جائے گا

5۔ امتحانی مرکز کے حصول کیلئے حفظ و تجوید سمیت 20 طلباء و طالبات کا داخلہ بھیجنا ضروری ہے جبکہ ضمنی امتحانات میں 5 طلباء و طالبات کی موجودگی میں امتحانی سنٹر کسی بھی جگہ کو مقرر کیا جا سکتا ہے

6۔ مدرسہ /جامعہ کے الحاق یا امتحانی مرکز کی منظوری سے قبل ضلعی مسئول اس کا معائنہ کریں گے۔ بعد ازاں اس کی منظوری دی جائے گی۔

7۔ امتحانات کے دوران ممتحنین حضرات کی قیام وطعام کی ذمہ داری بذمہ سنٹر ہوگی۔

8۔ مدارس /جامعات کے مہتممین حضرات مقامی ناظمین اپنے اپنے داخلے مرکزی دفتر کو مقررہ تاریخ کے اندر اندر ارسال کریں گے تاکہ انہیں بروقت رول نمبر اور امتحانی سنٹر کی اطلاع دی جا سکے۔

9۔ وفاق الجامعات العربیہ قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی یا مجوزہ پالیسی کی خلاف ورزی پر کسی بھی ادارہ / سنٹر/ جامعہ /مدرسہ کا الحاق فی الفور ختم کرنے کا مجاز ہے وفاق الجامعات العربیہ کے فیصلہ پر نظر ثانی کی اپیل صدر وفاق الجامعات العربیہ پاکستان کو تاریخ تنسیخ کے 10 دن بعد تک کی جا سکتی ہے۔

## اغراض و مقاصد:

(1) دینی مدارس کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا۔

(2) دینی مدارس میں پڑھنے والے طلباء اور طالبات میں سے مستحق طلباء و طالبات کو فری دینی و دنیاوی تعلیم دلوانا۔

(3) مملکت عزیز پاکستان میں دینی علوم کی ترویج و اشاعت کرنا۔

(4) درس نظامی کے حامل تمام اہل السنت مسالک کے مدارس میں سالانہ امتحانات کروانا اور بوقت ضرورت نصاب میں تبدیلی کرنا۔

(5) تمام مدارس کے تمام درجات کا سالانہ امتحان لے کر کامیاب طلبہ و طالبات کو اسناد جاری کرنا۔

(6) طلباء کے اندر قدیم علمی اثاثے سے استفادہ کرنے کے ساتھ ساتھ جدید عربی زبان، جدید انگلش اور سوشل سائنس کو پڑھنے، سمجھنے اور ان کے ذریعہ مافی الضمیر کے اظہار کے قابل بنانا۔

(7) مدارس دینیہ میں کمپیوٹر لیب اور لائبریوں کا قیام عمل میں لانا اور طلبہ و طالبات کو عصری تعلیم کی طرف راغب کرنا۔

(8) ملک کے اندر فرقہ واریت کے ناسور کو جڑ سے اکھیڑنا، باہمی رواداری اور اتحاد بین المسلمین کا پرچار کرنا۔

(9) طلبہ و طالبات کو آئین پاکستان کا مطالعہ کروانا اور ان کو ملک پاکستان کا وفادار اور باعزت شہری بنانا۔

(10) مدارس دینیہ کے مدرسین کے حقوق اور قانونی تحفظ کے لئے اقدامات کرنا۔

(11) تحریک اسلام اور تحریک پاکستان کے مشاہیر کی مساعی سے طلباء وطالبات اور عوام الناس کو روشناس کرانا۔

(12) بین الاقوامی امور کی سمجھ کے لئے عربی و انگلش زبانوں کی مہارت پیدا کرنا۔

13 مختلف لینگوئیجز کی تعلیم تاکہ طلبائے کرام کو عالمی امور کو سمجھنے کی مہارت کو حاصل ہو

13 فنون ٹیکنالوجی کی تعلیم تاکہ عملی زندگی میں ان کو معاملات زندگی چلانے میں سہولت ہو

14 نصاب تعلیم کے وقت کے ساتھ ساتھ بہتری کرنا

## جاری کردہ

مرکزی دفتر وفاق الجامعات العربیہ پاکستان۔ ہیڈ فقیریاں، تحصیل ملکوال، ضلع منڈی بہاؤالدین


رابطہ :0546550555

www.wifaquljamiaat.com